کتاب لاجواب

لاونی برم گیان

در عشق معرفت

مصنفہ بنارسی گر گوشائین

سنہ ۱۸۹۰ع

در مطبع جوالا پرکاش واقع شہر میرٹھ باہتمام لالہ ہتمل صاحب
کے چھپکر شائع ہوئی کتبہ محمد عبدالرزاق خان
مقیم میرٹھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاونی بہر گیان عشق و معرفت

تخم لعل و یاقوت کی ٹہنی ہر برگ زمرد موتی گل
شبنم ہی الماس کی اوس کے برگ برگ پر پڑے ہوئے
جس کے ہاتھ مین یارب اوس درخت کی ایک بہی جڑی ہو

پہل لٹکی نینون کی جس مین جو دیکہی لیلی بالکل
ہر اک شاخ کندن اور نیلم سے ہی جسکی جڑی ہوئے
سات بادشاہت سے وہ بہی قیمت اوسکی بڑی ہوئے

اوس درخت کی میوے سے ہر دم ہے اوسکی تجدید کی کل
پہل لٹکی نینون کی جس مین جو دیکہے لیلی بالکل

بنی مرصع کی زمین اور فواری بلور کے ہین
پہنکے ہی پارس کی اوس مین کہوالی سب جڑی ہین

اوسدرخت پر بیٹہی ہر ایک جانور نور کی ہین
وہ درخت نزدیک ہی اوسکے خریدار سب دور ہین

سو دا اوسکے بنی دہان پر گری جو کوئی شور و غل
پہل لٹکے نینون کی جسمین جو دیکہی لیلی بالکل

اوسدرخت کو ہمنے ابحیات آب سے سینچا ہی
کسی سے کچہہ نہین کام لیا اپنی ہی ذات سے سینچا ہی

بڑی مشقت کری ہی اپنی کرامت سے سینچا ہی
کیا کوئی جانیگا اوسکو کہ کون گہات سے سینچا ہی

ہوا جب وہ تیار تو شیدا بنا میرا یہہ دل تیل
پہل لٹکے نینون کی جسمین جو دیکہی لیلی بالکل

اوس درخت کی سایہ مین ہم ٹانگ پساری سوتے مین
اگرچہ جا دین کہین تو پھر ہم اوسی تخم کو بوتی ہین

جہان پر اپنا دل چاہے ویسی ہی شجر سب تے ہین
بنارسی یہہ کہی کہ اوسپر قران پڑہتے طوطی ہین

اوس درخت کی ہوا لگے تو جگر کی آنکھین جا دین کہل
پھل لٹکے مینون کی جس مین جو دیکہی لیلے بالکل

شرح اوسکی

تخم خدا اور شاخ پیمبر برگ اولیا ولی ہین گل
پھل ہین اوسمین فقیر پوری فرق نہ دیکہین سمجہین بالکل

اوپر اوسکا پیچ ہی اور نیچے جسکے لٹکین ڈالی
اختر کی شبنم ہی اوسکی برگ برگ پر اوجیالی

ماہ و مہر جو کی دیتی دن رات گری ہین رکہوالی
نقشہ اوسکا ہنی ہین جنکی دو جہان ہی لالی

اپنی اپنے دین کی طایر کرتے ہین اوسپر شور و غل
پھل ہین اوسمین فقیر پورے فرق نہ دیکہین سمجہین بالکل

زمین اوسکی آسمان ہی جہانسے یہ گل جہان ہوا
وہان ہی جیکا نور نور مین ہی اگر پیدا یہان ہوا

مخزن ہی اوسکی خوشبو جسنے پائی وہ پنہان ہوا
شرح ہی اوسکی طرح طرح دار یسی شجر وہ عیان ہوا

وحدت کی لذت اوس سے لیتا ہی مرا یہ دل بلبل
پھل ہین اوسمین فقیر پورے فرق نہ دیکہین سمجہین بالکل

جڑ اوسکی بابا آدم جس سے آدم مین دم ہی
سایہ اوسکی قدرت اور عالم جسکا ایک عالم ہی

ہوا ہی ماما حوا جسے چھوگئی پھر اوسی کیا غم ہی
یاد آہی جو کہ کری وہ ان باتون سی محرم ہی

لطف اوسکو آوی جسکی غفلت کا پردہ گیا کہل
پھل ہین اوسمین فقیر پوری فرق نہ دیکہین سمجہین بالکل

صدا ہی اسکی قران جسنی سنی اوسی پھر ہوش ہوا
دلین اپنی غور کیا کچھہ سمجھ گیے خاموش ہوا

رانا دیکو کہلا کہ جسکا ذرا اوسپر گوگوش ہوا
زبان سے کچھہ نہین کہہ سکتا جو دلین جنوا جوش ہوا

بنارسی کہی اوسکے میوہ ہیچ ہیں پر سی جرم کی ٹل
پھل ہین اوسمین فقیر پوری فرق نہ دیکہین سمجہین بالکل

دیگر

کرے اگرمن مصوری تویار کی اب تصویر کو کہینچ
ثانی اوسکی تو بنجا دلدار کی اب تصویر کو کہینچ

بجیسے آپ سی حباب بنجائی پانیکی تصویر کو کہینچ
پہر پانی پانی کرلے اوسجانی کی تصویر کو کہینچ

نورہی بنتا ہی جو لے نورانی کی تصویر کو کہینچ
حق ہی لیتا ہی لیتا ہی عاشق حقانیکی تصویر کو کہینچ

باغ باغ دل ہو ترا گلزار کی اب تصویر کو کہینچ
ثانی اوسکی تو بنجا دلدار کی اب تصویر کو کہینچ

شمع سے ہوئی شمع روشن جب اُس گل کی تصویر کہینچ
توہی روشن خداسی ہو اب اُس لو کی تصویر کو کہینچ

پہر پاویگا او نادان کب اُس لو کی تصویر کو کہینچ
اس جامہ سی کہینچی گی جتنک اُس لو کی تصویر کو کہینچ

شعلہ نار ہوا روشن اوس نار کی اب تصویر کو کہینچ
ثانی اوسکی تو بنجا دلدار کی اب تصویر کو کہینچ

بنی ہوتین گلکی گل ہوئین اُس گلکی تصویر کو کہینچ
ٹوٹین تو ہٹی ہو گئین گی دل کی تصویر کو کہینچ

پہر بسمل ہو جاوی جو لیوی اوس بسمل کی تصویر کو کہینچ
قتل ہو کر ملجا اوسمین اُس قاتل کی تصویر کو کہینچ

دیکہہ لی تو اس پارسی ہی اوس پار اب تصویر کو کہینچ
ثانی اوسکی تو بنجا دلدار کی اب تصویر کو کہینچ

گہر دلکو آئینہ اور اسمین لے اوسکی تصویر کو کہینچ
بتاؤ اسکی سوا کسمین ہے اوسکی تصویر کو کہینچ

جسم سے مت رکھہ کام تو جسمین ہے اُسکے تصویر کو کہینچ
بنارسی اب تو جبین نسبین ہین اُسکی تصویر کو کہینچ

فارغ غم ہو جای دل غفار کی اب تصویر کو کہینچ
ثانی اوسکی تو بنجا دلدار کی اب تصویر کو کہینچ

دیگر

الف اللہ کی کر و بندگی کیون رکہتی ہو دلمین عار
ب بر حق بار تعالی کا بیشک ہی سچا دربار

ت تعریف کرون کیا رب کی جسکا ہی سمار الستار
ث ثانی نہین اوسکا جسپر ہو من کرنی جان نثار

ج جاکر باغ ارم مین حق نی لگائی ہین اشجار
ح حشر کو منجا اٹہین گے آدم انیدم شتر مہار

خ خالق کی یاد کرو کیون بوتی ہو بہو لونمین خار
د دین کا کلمہ پڑہلو کافر چہوڑ دو دارو مدار

ذ ذکر کرو اوس مولی کا جسکے نور سے کل گلزار
ب بر حق بار تعالی کا بیشک ہی سچا دربار

ر رحیم ہو مالک جسکا کل عالم مین ہی اسرار
ز زبان سی کہہ ہردم خدا خدا مت ہو بیزار

س سخن ہیں صحیح بات ہی اونسی بنایا ہی سنسار
ص صاحبی اوسکی دیکھو جسنی بنایا تن احصار
ط طوفان آویگا جبدن نہین کسیکی بچی قطار
ظ ظاہر کر فخر جہانمین کسیکی کرتا ہی انتظار
غ غضب ہو روز حشر کو زمین شق ہو جاوی
ق قفل کو توڑی جو کوئی اوسکا ہوتا سدا وقار
گ گبر جو کرین نہین اونسی راضی پروردگار
ل لیس رہی اوسکی یادمین وہی سورما سپہ سالار
ن نکلجا جورن سی مت اوسی مرد سمجھو وہ نار
ہ ہردم کر یاد الہی اپنی دلمین تو مت ہار
کہتے عشق حرفی دیبی سنگہ بنارسی گاتی ملکار

ش شکر کر ہو ہین مئی وحدو تمین ہو ہین سرشار
ض ضرور کرو عبادت بندگیمین رہنا احصار
ب بر حق باریتعالی کا بیشک ہی سچا دربار
ع عقل جو رکھتی ہو مصرع موزون کر اشعار
ف فیکن کہہ فنا کری خلق اللہ کو پلمین غفار
ک کفر کو دور کیا اُس مالک کی عالی سرکار
ب بر حق باریتعالی کا بیشک ہی سچا دربار
م مورچہ ہٹا دیا رن جیتا کافر مارلی مار
و وصل اوسکی یادمین لڑی سورما دو دو وار
ی سے یاد کر خدا کو بنی رہو یارون کے یار
ب بر حق باریتعالی کا بیشک ہی سچا دربار

دیگر

جدہر کو دیکھون اُدہر روشنی آفتاب کی تمام ہی — پیون نہ مئی ہین کیونکر زندہ رہون میرا یہ کلام ہی
چشم نہین ہی ہمین خدا نی آپ گلابی جام دئی — دیدہ گئے پیاسے بہر بہر مجہسے بر سر جام دئی
چلی وہ بادِ صبا اسقدر رہاتہہ ہماسے تہام — تو بہی پیری پکڑ نے میری منہہ لگا وہ آٹہون جام دئی
کہی جو اوسکو حرام اوسکا کہانا پینا حرام ہے — پیون نہ مئی ہین کیونکر زندہ رہون میرا یہ کلام ہی
ایکطرف آتش بہڑکی اور ایکطرف بارش آب ہی — میرے دلکی میخانہ مین دونون وجہ کا حساب ہی
جگر سے شعلہ اوٹہی اور چشمو نسی ٹپکے شراب ہی — زبان میری کہتی ہی یہ ہے لذت اسکی لاجواب ہے
کل عالم مین سُنا ہو تمنے مستانہ میرا نام ہی — پیون نہ مئی ہین کیونکر زندہ رہون میرا یہ کلام ہی
دلمین غور کر دیکہا تو پہر دور بہار آیا ہے — آج ہین ساقی نی دوبارہ ساغر آب پلایا ہی
دیکہہ میری بدمستی کو محتسب نی یہ فرمایا ہے — یہ جوش و جنت کہا ںسے تیری نظرون بیچ سمایا ہی

سنا سخن مخلتسب نے یہ تب اوسکی دلمین ہوش ہوا
یا تو منع کرتا تھا مجھی یا آپ ہی وہ مینوش ہوا

چڑھا نشہ جب عشق کا اوسکو جہانسی وہ بیہوش ہوا
کہان ہونگا مین ہر دم اتنا کہکر خاموش ہوا

بنارسی کہی مجھی تو اس راہ کی دارو پینا مدام ہی
پیون نہ مے مین کیونکر زندہ رہون یہ میرا کلام ہی

دیگر

بازی کہیلی عشق کی ہمنی ذرا کبہا تشش و پنج نہین
کہیل لی ہر کوئی آجسکو یہ وہ بازی شطرنج نہین

عقل کو کچھ زور نہین جو گہوڑونسی چلکر جیتنے
فیل کی کیا طاقت ہی جو اس بازیونکی بل کر جیتنی

بچہ تو عشق کا دل ہی اوسکو کیا پیدل لکر جیتنے
رخ کا رخ پھر جائی نہ وہ اس بازیکو چلکر جیتنے

میری سوا کوئی اور جہانمین اوٹھا سکی یہ رنج نہین
کھیل لی ہر کوئی آجسکو یہ وہ بازی شطرنج نہین

وزیر کا کیا ذکر عشق مین بادشاہ تنگ ہو گئی گدا
جو کہ چال چوکا وہ مارا گیا میری سے یہی ہمدا

ہمنے اپنی سر کی بازی لگا کر اسمین دانو دیا
جان بیچکر جو کھیلا وہ جیتا اوسکو ملا خدا

وہ کیا کہیگا بات کہ جسکی قابو مین سے چو پنج نہین
کھیل لی ہر کوئی جسکو یہ وہ بازی شطرنج نہین

روپ مین نہین آیا بادشاہ کی اپنی لی چوٹ بچا
اوسنے توڑا قلعہ جہانمین کوئی نہ اس سے کوٹ بچا

ترچھی ہو کر چلو سے تو کیونکر رکھہ سکو گی گوٹ بچا
اوسکا مال لٹ گیا رکھی تھی جسنی زر کی پوٹ بچا

ہا مجھی گشت نہین لگی کہ مین نے جمع کیا کوئی گنج نہین
کھیل لے ہر کوئی جسکو یہ وہ بازی شطرنج نہین

یہ شطرنج عشق کی ہی اسکو کھیل سکے وہی سیانا ہی
بڑی بڑی ہو گئی زچ نہین بہید کسینے جانا ہی

ہی عشق کا خیال سدا عاشقونکی سینمین سمانا ہی
بنارسی جیتنے جی اب تو سرگرنج سمانا ہی

راہ کی شیرین سخن کو بائی شیر برنج نہین
کھیل لی ہر کوئی جسکو یہ وہ بازی شطرنج نہین

دیگر

ہمدم ہم ہانہ ہمدم ہین دم مین جلوہ عالم کا
عالم مین ہی صنم صنم مین عالم ہی اوس ظالم کا

دلبر دلبر دلبر مین دل لبین کی یاد رہے
یاد مین عشرت عشرت مین می مے مین نشہ ایجاد ہی

نشہ مین مستی مستی مین حدت حدت مین شاد رہی
شاد مین شور اور شور مین شہرت شہر مین آباد رہی

آباد ہین آدم آدم مین دم دم مین دم ہمدم کا
عاشق مین ہی عشق عشق مین نور نور مین حقتعالیٰ
اوجیالی مین تاب تاب مین ماہ ماہ مین ہی ہالا
اعلیٰ مین وہ خوب خوب مین روپ روپ مین رنگ چمکا
شوق مین اوسکی ذوق ذوق مین رنگین رنگین روحانی
زندگانی مین جان جان مین جانان جانان مین جانی
لاثانی مین صفت صفت مین لامکان گھر جا کم کا
جا مین من اور من مین چرچا چرچے مین اوسکی قدرت
خلقت مین خوشبو خوشبو مین کھلا کھلی مین ہے رنگت
لذت مین توحید دیبی سنگھ کہی خیال سن ہمدم کا

عالم مین ہی صنم صنم مین عالم ہی اوس ظالم کا
حقتعالیٰ مین رحم رحم مین کرم کرم مین اوجیالا
ہالہ مین اختر اختر مین جگمگ یا چمک مین جیتا اعلیٰ
عالم مین ہی صنم صنم مین عالم ہی اوس ظالم کا
روحانی مین انس انس مین پیار پیار مین زندگانی
جانی مین وہ حسن حسن مین زیب زیب مین لاثانی
عالم مین ہی صنم صنم مین عالم ہی اوس ظالم کا
قدرت مین ہی باغ باغ مین چمن چمن مین گل خلقت
رنگت مین رس رس مین امرت امرت مین پائی لذت
عالم مین ہی صنم صنم مین عالم مین ہی اوس ظالم کا

دیگر

دل مین دلبر دلبر مین دل صنم مین ہم اور ہم مین صنم
جان میری جانان مین ہے وہ جانان میری جان مین ہے
تن و بدن سب اوسمین ہے وہ اس تن کے درمیان مین ہے
مین اوسمین ہون بس وہ میرے دم دم مین ہمدم
گل گلشن سب اوسمین ہے وہ گل گلشن مین ہی
غنچہ دہن سب اوسمین ہین وہ ہر اک غنچہ دہن مین ہے
میری من مین بسا ہی وہ اوسکی من مین بس رہی ہون ہم
کل جہان روشن اوسمین وہ روشن عالم کل مین ہے
کاکل اوسکی دل مین ہے میرا دل اوسکی کاکل مین ہے
کل عالم مین نور اوسیکا اوسکی نور مین ہے کل عالم

دم ہمدم مین میرا اس دم مین ہی میرا ہمدم
پیراہن اوسمین میری وہ پیارا میری پیراہن مین ہی
ہر اک آن مین ہے یار مین یار میرا ہر آن مین ہے
دم ہمدم مین میرا اس دم مین ہی میرا ہمدم
پھبن ہے ایسی پھبی اوسمین کہ وہ ہر پھبن مین ہے
چمن خوشرنگ کا ہی اوسمین اور وہ حسن کے چمن مین ہی
دم ہمدم مین میرا اس دم مین ہی میرا ہمدم
بھری محبت کی دل اوسمین اور وہ اوس دل مین ہے
عاشق بلبل مین اوس گل کے بنا گل بلبل مین ہے
دم ہمدم مین میرا اس دم مین ہی میرا ہمدم

نور مین اوسکی پیشانی نور اوسکی پیشانی مین ہے
جگر مین جانی میرا یہہ جگر میرا جانی مین ہے

زندگانی ہے اوسمین وہ میری زندگانیمین ہے
نورانی مین سب اوسمین وہ ہر نورانیمین ہی

بنارسی کہی اسمین فرق نہین مجکو اپنی سر کی قسم
دم ہمدم مین میرا اسدم مین ہی میرا ہمدم

دیگر

ہی عجب گوہر دریا مین نکلے تو خشنک گوہر نکلے
صد آفرین ہے جو میری چشم سی موتی تر نکلی

قدر کی لوگون پر جسدم وہ اشک ہمارا تر نکلی
عجب تعجب ہوا جو خار کے اوپر گل نکلے

چشم ہماری اونہین دیکھنے کو یہہ کھل کھل نکلی
اشک جو گلرو نے تو دیدہ بھی بلبل نکلے

کر نکلی الماس تو کیا وہ بھی سو کہی کنکر نکلی
صد آفرین ہی جو میری چشم سی موتی تر نکلی

لکھون مین کیا کیا تشبیہہ دون جو بن بنکر آنسو نکلی
ئی وحدت کی گویا قطری بہشت سی چو نکلی

مین بنی کھائی اشک ہیری چشمونسی جسطرح تو نکلی
کیا طاقت ہی جو میری چشم سی موتی تر نکلے

نہین جواہر نکلے تو وہ ہی شامل پتھر نکلے
صد آفرین ہی جو میری چشم سی موتی تر نکلے

رویا فراق یار مین مین تو کیا کیا اشک ہین نکلی
یقین یہہ ہوا کہ دریا ہی سی گنگ و جمن نکلی

اور ہہا کچھ کہتا ہون سنو اس زبانسے جو سخن نکلی
ابر تیلیان ہینین تو چشم ہی دو ساون نکلی

اشک سے میرے پر آب ہین گوہر خالی خشک جگر نکلی
صد آفرین ہی جو میری چشم سی موتی تر نکلے

فرقت جانا مین جو کبھی ہم روتی زار زار نکلے
تا نہ ٹوٹا ہار سے تہنہ کہتے ہار نکلے

کیا طاقت اس دریا کی گر کوئی وار سے پار نکلی
بنارسی کہی جو نکلی مگر تو ہمین یار نکلے

اور جو نکلی رتن وہ ہی اشکون سے میری بدتر نکلی
صد آفرین ہی جو میری چشم ہی سی موتی تر نکلی

دیگر

پان کی لالی سے وہ جھلک تیری دندانہین لال ہو نکلی
لال بدخشان دیکھکر جسے کہا ہی ہیری کنی

آج جو تو ہنسکے بولا تو دہن مین وہ دندان چمکے
جگر چھید گیا ہر اک گوہر کا سنو ماری غم کے

سنتے ہی یہہ صفت سو کہکر سوش اڑ گئی شبنم کی
کیا طاقت ہی مقابل دندان کی اختر دمکی

ہر ایک جواہر کے اوپر پیاری تری دندان ہین غنچی
لال بدخشان دیکھکر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

اگر چنبیلی کو دیکھون تو اوسکا سُرخ لباس کہان
جھوٹ نہین بولونگا صنم مجکو کسیکا پاس کہان
کیا طاقت گران کی روبرو چمک ہے کوئی اور بنی
مرجان ٹکڑی ہوا اوسکو جینے کی آس کہان
سچ کہتا ہون بمقابل دندان کی الماس کہان
لال بدخشان دیکھکر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

انہین دیکھکر برق تڑپتی ہے وہ آسمان کی اوپر
کسی سے نسبت کبھی ندون نہین لاؤ اسر مانکی اوپر
صدقے کردون شفق کو بھی ان دندان کی اوپر
دندان تیری چمکتے ہین وہ لامکان کی اوپر

شاید تو پیسے داہنت تو کردی دم مین فنا فنی
لال بدخشان دیکھکر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

گرچہ کوئی یاقوت کہے تو زبان اوسکی کٹواؤن
اور جو کہے گوہر کی لڑی تو اوسکو بھی چھیدواؤن
انار کے بھی کہے دانی تو کاٹ کیرین کہاؤن
کسی سے نسبت ندون نہین سُنون نہ خاطر مین لاؤن

بنارسی اگر کہی تو کیا دیبن اوسکی اب ہی ٹہنی
لعل بدخشان دیکھکر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

دیگر

کیا ہی جھلک دندانین ہوئی پیار تیری سنگر ایسی
عجب طلسم ہوا ظالم تیری اوس پان چبانی سے
شفق کا دم فق ہوا بہت پھولی تھی وہ چھپر ہانی سی
برق تڑپنے لگی اختر رہی منہہ دکھلانی سے
مرجان گوہر زمرد نکل پڑے ہر کھانی سے
انار کے بھی دانے محتاج ہو گئے دانی سے

دیکھ تیری دانتون کی جھلک اوٹھ گئی لال ہانی سی
برق تڑپنے لگی اختر رہی منہہ دکھلانی سے

بھول جاوین جوہری پرکھنا رتن اور ہیرین جو ایسی
کتنی گئی ڈوب وہ ساگر مین بھی غوطے کھانی سے
دندان تیری دیکھ پائین گر کسی بھانی سے
پر نہین واقف ہوئی وہ بھی ایسے ڈرانی سے

سوکھ گیا وہ لہو تیری دانتونکی صفت سنانی سے
برق تڑپنے لگی اختر رہی منہہ دکھلانی سے

شرمندہ ہو گئی جواہر دانتون کے چمکانی سے
دیکھین مرصع ساز رہجاوین اپنا کام بنانیسی
خون اوگلنے لگی ہیرے کیا ہو پچھتانی سے
پھر وہ جڑتے سے جڑی کس خدا کی ہاتھ لگانیسی

آج ہی ملگیا مزا اس ہنسی مین تمھین بنانی سے
برق تڑپنے لگی اختر رہی منہہ دکھلانی سے

ٹکڑے ہو یاقوت تیرے دانتوں کے روبرو آنے سے
پان نے بھی پائی لالی اوس ماہ لقا کے کہانے سے
یہ دندان نکلے ہین یا بہا خدا کے شنو خزانے سے
بنارسی نے کہا یہ حال اپنے من مستانے سے
تھک جاویگا او نادان تو لامکان کے جانے سے
ایسی صفت دانتوں کی کسی سے نہی ہو نہین مرجانے سے

کیسی چھبیلی بات بیچ اپنی اور بیگانے سے
اسیواسطے وہ بستی مین آئے ویرانے سے
برق تڑپنے لگی اختر سے منھ دکھلانے سے
ان دندان مین دیکھ لی خدا میری دکھلانے سے
یہین دیکھے نور دندان مین یار کی آنے سے
برق تڑپنے لگی اختر سے منھ دکھلانے سے

دیگر

تیغ لگی تلوار لگی اور تیر لگے تو چین پڑی
ایک جھلک موہنی کو نظر گر پڑی تو وہ لگ گئی نظر
جیسے اشارہ ردز کری وہ کیونکر ہوئی اوسکا گذر
دلکا حال دل ہی جانے جو زخم جگر پر عین پڑے
توپ لگی بندوق لگی تو اوسکی بھی ہو دوا کہین
برچھی سے بچ گئی کٹاری کی چوٹ مین کتنوں نے سہین
نیند کہان آتی ہے جاتی ہین ہمتو دن رین پڑی
بانک مین ہے کیا بانک پیا او خنجر مین وہ آب کہان
اگر نشہ کی کہو تو بھلا دیکھی ایسی شراب کہان
مانگھوں دل لیجاوین میرے قاتل کی ہمدم کونین پر
وہ ہین جو نیز آپ اونسے خون کا دعوی کونکر ہو
اوسنے علی دیدار جو عاشق مستانی ہین بڑی پڑے
شب روز ہر وقت زبان سے کہتی ہین یہی نین پڑے

نین کی مارے تڑپتی ہین کتنی بے چین پڑے
اگر اکو وہ پریہ اوس کو تن و بدن کی رہی خبر
جیسے کسطرا دربھر مری بھلا وہ کہو کس پر
نین کی مارے تڑپتی ہین کتنی بے چین پڑے
اگر دوگا ڑی نین کی لگی تو پھر وہ بچی نہین
نوک پلک کی ذرا بھی چھے تو وہ رو دیتو ہین
نین کی ماری تڑپتے ہین کتنی بے چین پڑے
چشم کی آگے دکھائی دی ہے کسکا رواب کہان
مستانوں سے ہی گر پوچھو تو آدمی جواب کہان
نین کی ماری تڑپتے ہین کتنی بے چین پڑے
داد یہ چیز یکر بولا منصور کہ ہم اب نہین بیری
بنارسی کہین ہم ہین سہرہ کی پرین ہر بھری
نین کی ماری تڑپتی ہین کتنی بے چین پڑے

دیگر

خدا تو ہی برحق تو مین بھی حق زبان سے کہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بہر مین رہتا ہون

اگر تو ہی آتش تو مین بھی صنم پارا پارہ ہونگا
طلا جو تو ہی تو مین زیور تیرا پیارا ہون گا

اگر تو ہی سیماب تو مین بھی صنم پارا پارہ ہون گا
آہن تو ہی تو مین بھی بنا تیرا آرا ہون گا

جو تو ہی دریا تو مین دہان موج روان ہو بہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بہر مین رہتا ہون

تو ہی تو ہی دم مین دم تو مین بھی آدم کہلاتا ہون
حسن جو تو ہی تو مین جلوہ تیرا دکھلاتا ہون

گرچہ تو خاموش رہی تو مین بھی زبان ہلاتا ہون
تو ہی میرا تو مین پیاری اپ تیرا کھاتا ہون

آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بہر مین رہتا ہون
تو ہی نہین غم کھائے تو پھر مین جہانمین کسکی سہتا ہون

تیرا نہین کوئی دین تو میری ذات کا کون ٹھکانا ہی
تجھے نہ جانا تو پھر مجھکو کسی نی پہچانا ہے

تو ہی فخر تو میرا ہی دل فقیر تیرا دیوانہ ہے
تو ہی لامکان تو میری مکانکو کسنے جانا ہی

تو ہی سانولیا شاہ تو پیاری مین نرسی کہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بھر مین رہتا ہون

تو ہی شمس تو مین بھی شمس تبریز جہانمین آیا ہون
مجھہ مین تو ہی اور مین تیری بیچ سمایا ہون

گر تو ہی ناپید تو مین بھی کیسکا نہین جایا ہون
بنارسی کہی جو تو قدرت تو مین بھی مایا ہون

تو نی پکڑا ہاتھ میرا مین بازو تیرا گہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بھر مین رہتا ہون

دیگر

رنج کو ہم راحت سمجھی اور درد کو ہم دلبر سمجھے
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی زر سمجھے

الم کو سمجھے عیش اور مرنیکو زندگانی سمجھے
جفا کو سمجھے وفا اور خفگی کو مہربانی سمجھے

جھوٹ کو سچ سمجھے اور لباس ہم ننگی عریانی سمجھی
آب کو سمجھے ہم آتش آتش کو پانی سمجھے

زبر کو سمجھے زیر اور کمزور کو زور آور سمجھے
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی زر سمجھے

مردیکو زندہ سمجھے اور ستم کو بڑا رحم سمجھے
جہان کو سمجھے فنا ہر دم کو ملک عدم سمجھے

بدی کو سمجھے نیکی دشمن کو اپنا ہمدم سمجھے
جہان یہ سمجھے وہان پر ہم تو دہی صنم سمجھے

نادان کو دانا سمجھے اور فکر کو بڑا فخر سمجھے
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی زر سمجھے

گل کو سمجھے داغ داغ کو اب ہم گلدستہ سمجھے
زخم کو گل لالہ سمجھے اور رونیکو ہنستا سمجھے

آنکھ کو سمجھے یاد یار کی اشکونکو گوہر سمجھے

مار کو سمجھے پیار یار کی گالی وہی دعا سمجھے
عشق کو ہم عاشق سمجھے معشوق کو وہی خدا سمجھے

بنارسی کا ہر اک سخن عاشق کا خون جگر سمجھے

اوجاڑ سمجھے شہر کو صحرا کو بستان سمجھے
دیوانوں کو عقلمند اور ہشیار کو ہم مستا سمجھے

غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی زر سمجھے

بیجا کو ہم بجا سمجھے اور مرض کو شفا سمجھے
کیا کوئی سمجھے جو ہم سمجھے وفادار کوئی کیا سمجھے

غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی زر سمجھے

دیگر

چاہ کو سمجھے چاہ ذقن زنجیر کو ہم زیور سمجھے
صبر کو سمجھے شکر اور ناتوانی کو طاقت سمجھے

تلخ کو شیرین سمجھے دل میں زہر کو ہم امرت سمجھے

دار کو سمجھے یار کا زینہ تیر کو تیری نظر سمجھے

صبح کو سمجھے شام شمع کو اب ہم پروانہ سمجھے
وحشت کو وحدت سمجھے رونیکو تان گانا سمجھے

مکان کو اپنے سمجھے لامکان صنم کا کوچہ در سمجھے

ظلم کو سمجھے بخشش بت خونخوار کو ہم خوبان سمجھے
قیامت کو دنیا سمجھے قاتل کو اپنی جان سمجھے

رسوائی کو عزت بی توقیری بڑا فخر سمجھے

خوف کو سمجھے خوشی اور حیرانی کو سیر عالم سمجھے
دوزخ کو جنت سمجھے اور رباب کو شراب ہم سمجھے

دیبی سنگھ کہے بنارسی کے سخن کو کون بشر سمجھے

خاک کو سمجھے پیراہن زمین کو فرش تر سمجھے

خار کو سمجھے چمن اور ہجر کو ہم الفت سمجھے
سنگ کو سمجھے موم اور آفت کو عشرت سمجھے

خاک کو سمجھے پیراہن زمین کو فرش تر سمجھے

ماہ کو سمجھے مہر اور دہوپ شامیانا سمجھے
گبر کو سمجھے مسلمان موت کو جی جانا سمجھے

خاک کو سمجھے پیراہن زمین کو فرش تر سمجھے

تیغ کو سمجھے ہم ابرو نشتر کو مژگان سمجھے
قید کو سمجھے رہائی خزاں کو باغ جہان سمجھے

خاک کو سمجھے پیراہن زمین کو فرش تر سمجھے

گدا کو سمجھے شاہ گردش کو فضل و کرم سمجھے
اور جہان میں کوئی نہیں سمجھا جو کہ ہم سمجھے

خاک کو سمجھے پیراہن زمین کو فرش تر سمجھے

دیگر

برا کیا بھلا ہوا چوری کر نیسے شاہ بنے
ذات سی ہو بے ذات جو کوئی تو اسکا وہ دین بنے
ایمان سے چھوڑی ایمان کو پورا جب سہی یقین بنے
زبان کٹی تب بولن لاگی پہوٹے نین نگاہ بنی

گدا سے ہوگئے بادشاہ بندہ سے اللہ بنے
شکل شباہت بگاڑے تب چہرہ رنگین بنے
نورین شعلہ نور کے جلے تو وہ نورین بنے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندہ سے اللہ بنے

کر کے غور جو دیکھا ہمنے تو عذاب سہی بڑا صواب بنے
مئی وحدت کہتی ہین او سے جو اشک سہی میر شراب بنے
بتخانہ سے بہی بہشت اور میخانہ سے درگاہ بنے

لاجواب گر صنم سے ہو تو خوب جواب بنے
لذت شیرین ملے جب جلکر جگر کباب بنے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندہ سے اللہ بنے

سر کو کاٹ کر اپنی دست پر رکہی تو سردار بنے
طایر دل کو کبہی نہ اڑنے دی تو یہہ پردار بنے
چلن سے وہ جب بد چلن ہوئے تو لامکانکی راہ بنی

مال ملک سب ترک کر بیٹھے تو زردار بنے
زندہ اوسکو سمجھتے ہین ہم جو مردار بنے
گدا سی ہوگئی بادشاہ بندہ سی اللہ بنی

جسے کہین سب حرام ہمنی دیکہا وہی حلال ہی
جو کہ ہوئی پامال جہانمین وہ صاحب کمال بنی
زمین سے ہوگئی آسمان اور اختر سی ہم ماہ بنی

گہول کے جینے لگائی سیاہی وہ پہر لال ہی
بنارسی کی سخن پر کیا طاقت کوئی خیال بنی
گدا سی ہوگئی بادشاہ بندہ سی اللہ بنے

دیگر

وحشت نے لاکہوں باتین بیہودہ بکوائین مجکو
اول تو مین اوسکی غم مین زار زار رویا اکبار
بیتابی نے کیا مجہی بیچین کری مین بہت پکار
انکھین بھر بھر کر کہین یہہ دائین اور بائین مجکو

معشوقون مین وہی اب نظر پڑا سائین مجھکو
اشک کی لڑیان دیکھکر شرمایا گوہر کا ہار
یا حقتعالی دیکھئے کسدن یہہ ٹوٹیگا تار
معشوقون مین وہی اب نظر پڑا سائین مجھکو

دوم مجکو ہوا عشق دلمین سوچا مین عاشق ہوں
ہر ایک سے پوچھا مین کہ جو عشق مین تہی عاشق ہو
جو عاشق تہی پاک انہونکی باتین سنوائین مجکو

عجب ہے میرا وہی معشوق بنا جو گونا گون
کوئی نہ باقی رہا اب کیا لیلی اور کیا مجنون
معشوقون مین وہی اب نظر پڑا سائین مجھکو

سیوم مین نی اپنی دلکو سمجھایا کر کے ہشیار
دل نی مجھسے کہا مجھی کیا دیر تو ہو جلد تیار
دیکھ تیری اوسنجا پہ یار اپنی کی سیر چاہئین مجھکو
اخر کو غفلت کا پردہ کھلا ملا اپنا محبوب
بنارسی یہ کہی عشق کی دریا مین گئی لاکھون ڈوب
ہو کر کی لاچار چھوڑ گئی غفلت کی چھاہئین مجھکو

تو کیون غافل ہوا چل دیکھ ہے تیرا وہ کہان ہے یار
میرا تیرا سنگ ہی چلو دیکھئی وہ گلزار
معشوقون مین وہی اب نظر پڑا سا ہئین مجھکو
کہی ویسی سنکہ میرا وہ خوبان ہی خوبون مین خوب
مین نی اوسمین تیر کر پایا وہ اپنا اسلوب
معشوقون مین نظر پڑا وہی اب سماہئین مجھکو

دیگر

زلف سیہ ہے مار سیہ ہین چشم سے لائی نل مین ہے
سر سے سردار تیری پیشانی سی جلوہ خورشید
ابرو سی جھلکی کمان پیدا ہوا فلک پہ ماہ عید
ہی قران مین وہ جو بسم اللہ ابرو سے بنی
اوصفت کیا کرون مین کچھ کہا جاتا نہین
کچھ گل کا چرچا گل عنا بھی تو ہر بلبل مین ہے
مژہ سی پیکان بنی اور نشتر بنی رگ جان پر اگر
نگہہ سی وہ تلوار چلی سو گئی نیم جان پر اگر
ہی شرارت وہ تیری چتون مین ای رشک قمر
لڑ گئی جس شخص کی وہ آنکھہ تیری آنکھہ سی
وہی ذکر مسیحائی مین اور یہی صدا قلقل مین ہے
بینی سی بنا الف تیری رخ سی پیدا وہ نور ہوا
لب سی لعل یمن بنی یاقوت بھی دہن قمر در ہوا
ہی جھلک ہیر یمن ای پیاری تیری دندان سی

نقشہ قد کا قیامت دہوم یہ عالم کل مین ہے
چین جبین کی وہی تحریر نہ جسکی دید و شنید
خنجر مژگان نی پائی بارہ کیا لاکھون کو شہید
اور علی کی تیغ بھی واللہ ابرو سے بنی
ہو چلا جھک کر تو اوسکی را ابرو سے بنی
نقشہ قد کا قیامت دہوم یہ عالم کل مین ہی
نکہار بھی اوسدم کہٹکنی لگی میری دہانی پر اگر
آہ بھی مطلق نہ ٹھیری میری اس زبان پر اگر
ہو رہا جس سی جہان کی بیچ مین جادو سحر
پھر اوسی تیری سوا کچھ بھی نہین آتا نظر
نقشہ قد کا قیامت دہوم عالم کل مین ہی
جسکی جھلک سی گرا موسی اور خاک کوہ طور ہوا
اور دندان سی نی گوہر تو کیا ہی ظہور ہوا
برق بھی چمکی وہین دانتون مین تیری شانسی

اور زبان سی برگ گل پیدا ہوا رنگین وہ
باد صبا کہتی ہی ہی اور وہ ہی ذکر ہر گل مین ہی
چاہ ذقن سی عاشق صادق کی دلین وہ چاہ ہوئی
گلی سی مینا بنا صراحی ہی اوسکی ہمراہ ہوئی
تھک گئی لاکھون ہی شاعر کر کی سب تیر اپنا
کسکی طاقت ہی جو ہوا آگاہ تیری حُسن سی
بنارسی نی ہی لکھا کعبہ کاشی گوکل مین سے

شعر

ہر سخن شیرین تیرا نکلی ہی کیا ہی آن سی
نقشہ قد کا قیامت دہوم یہ عالم کل مین ہی
لگا جھانکنی کوئین جس جسکی اودہر نگاہ ہوئی
کہی دیہی سنگہ صفت کس سی تیری اللہ ہوئی
پر تہا یار از تیرا تو تو ہی راز تھا۔ ن
ایک جھلک مین گر پڑا موسیٰ ہی ہو کر ناتوان
نقشہ قد کا قیامت دہوم یہ عالم کل مین ہی

دیگر

عاشق ہون مین اوس گل کا جس گلپہ فدا ہین ہزار سے گل
سدا رہی سر سبز اور اوسکی مہک سی مستانہ پن ہو
اوسی اوس شمشاد کی عاشق مین تو عاشقانہ تیز
بنائی کیون نہ اوس گلستن مین قمری آشیانہ اپنا
نہین صیاد کا کچھ ڈر نہ مطلق خوف جان اپنا
غنچے ہی ہی چٹک چٹک کر کرین چمن میں شور و غل
پیچ سی بالکل یہ فام کی دام عشق مین پیچان ہجائی
بال سے اڑی وبال سنبل پر جو زلف پیچان ہجائی
بڑی جھوم رہ اوسکی رخ پر زلفون کا جو منہ پہ کہولی
وہ کاکل سونگھہ لی کالا نہ اپنی منہہ سی کچھ بولی
زلف عنبرین ہی یا سوسن گل ہے تیری کالی کاکل
چشم سی نرگس شرمندہ ہو سر کو جھکا لی کھڑا رہی
قد سے سرو صنوبر گلشن مین گر جائی کھڑا رہے

شعر

پھاہ مین ہی نہ جسکی نام خزان کا ہی بالکل
کیون نہین غنچی کھلین جب اوسمین مستانہ پن ہو
دید اوس گل کی کری تو دلمین دیوانہ پن ہو
گلی گلزار گلر وادر جہان ہو باغبان اپنا
مکان ہی لامکان اپنا نشان ہی بی نشان اپنا
بہار مین ہی نہ جس کی نام خزان کا ہی بالکل
مشک ختن ہی مہک سی زلفونکی پریشان ہجائی
نافہ آہو کا منہہ کالا ہو گھاس پر ریحان ہجائی
تو عنبرت کا ہنڈولا دیکھکر کہائی وہ جھک جھولی
یقین یہ ہی کہ مینے کی لئی اپنی زہر کو گھولی
بہار مین ہی نہ جسکی نام خزان کا ہی بالکل
آنکھہ اوس گل سی کبھی مطلق نہ ملائی کھڑا رہی
دہن سی غنچہ تنگ ہو کر شرمائی کھڑا رہی

شعر

صفائی دیکھکر اوسکی سمن مَیلی ہو گلشن میں
حنا دیکھی ہتھیلی کو تو خون اُگلا کری مہندی میں
شاخ شاخ پر ہی چہچہا کرتا ہے شیدا بلبل
رشک چمن گلبدن کو گل دیکھی تو گریبان چاک کری

وہ نازک بن نہ جوہی مین جو کچہہ ہی یار کی تن مین
صدا اوسکی سُنے طوطی تو پہر بہائی کسی تن مین
بہار مین بہی نہ جسکے نام خزان کا ہی بالکل

شعر

اگرچہ کوئی مرغان چمن جو اُس سی محبت پاک کری
صبا آئی جو گلشن مین تو اوسکی کیا بن آئی ہے
نہ مطلق خار گلشن مین نہ کچہہ گل کی بُرائی ہے
بنارسی کو اوس گلرو نے پلا دیا وہ جام مل

ہر ایک گلستان کا وہ الدم بہر مین دم ناک کرے
سحر عشق کا خدا اوس عاشق کو بیباک کرے
نہیں واقف تہی جس کو وہ سب اُسمین سے سمائی
نہیں گل مین لگا وہ گل وہان جلوہ خدائی ہے
بہار مین بہی نہ جسکے نام خزان کا ہی بالکل

دیگر

شعر

پان کی لالی سے جو ہیرہ وہ دلبر کی لال ہوئے
کاکل سے کالی ہوئی پیدا زلف سے افعی مار ہوئے
ابرو سے خم کہا کر خنجر بچہو ائے خمدار ہوئے
چشم سے پیدا ہوئی نرگس ہر اک گلزار مین
ہے وہ جلوہ قدرتی دونون تری رخسار مین
پان کی رنگت پا کر دندان گوہر سے جب لال ہوئے

لعل بدخشان سے بہی بہتر پیدا اب لال ہوئے
پیشانی سے نور ٹپکا تو فرشتے چار ہوئے
اور مژگان سے تیر پیکان نشتر پر کار ہوئے
اور وہ بینی سے الف کہینچا گیا ہر کار مین
جس سے روشن چاند اور سورج ہین اس سنسار مین
لعل بدخشان سے بہی بہتر پیدا اب لال ہوئے

شعر

زبان سے پیدا قرآن ہوا اور عقل سے علم ہزار ہوئے
گلے سے بنی صراحی گل سب تر گلی کی یار ہوئی
تیری سینہ کی صفائی سے صفائی ہو گئی
ہاتھ سے تیری سخاوت کی سخائی ہو گئی
دیکہکے رنگین ناخونون کو شرمندہ تب لال ہوئے
شکم سے نرمی بنی کمر سے پوشیدہ سب حال ہوئے

چاہ ذقن سے چاہ کی دلمین خود بخود غار ہوئی
حُسن سے تیرے پری پیکر بنکر تیار ہوئی
طاقت بازو سے اب طاقت سوائی ہو گئی
پنجہ مرجان سے لگ کر لال حنائی ہو گئی
لال بدخشان سے بہی بہتر پیدا اب لال ہوئے
اور زانو سے تری دو نور کے ہم کمال ہوئے

شعر

قدم سے سجدہ تہا اور پا چھونیکو سمات پتال ہوے — چال سے تری بن گئی فیل نہ وہ بیچال ہوئے
قدم سے تری ابتلک سرو چمن آباد ہے — اور ادا تیری سے عاشق کا سدا دلشاد ہی
ناز سے تیری نئی انداز کی بنیاد ہے — ہر سرا پیے سے سراپا تیرا ہی ایجاد ہے
جو پہنچ تلوُ ون سے تری لگ گئی وہ تو سب لال ہوے — لال بدخشان سے بہی بہتر پیدا اب لال ہوئی
ٹھوکر سے تجھ جانان کی لاکھوں سر داٹھ کھڑے ہوے — آپکے نقش ہین میری دلپر پڑے ہوئے
تیری جنجلاہٹ کی صدمی برق کی دلپر پڑی ہوے — قدمبوسی مین تیری ہم دل و جانسی لڑے ہوئے
شعر حقّانی کا کھنا کچھ نہین آسان ہے — یہ سخن سمجھے وہی جو عاشق مستان ہے
دیبی سنگہ کی شاعری پر جی اور جان قربان ہی — جسکے ہر نقطہ کے اوپر ہر شہر کا دہیان ہے
بنارسی کی خون اشک سب ٹپک کے پار ب لال ہوئے — لال بدخشان سے بہی بہتر پیدا اب لال ہوئے

دیگر

کوچہ جانان مین گر کوئی دہر کی ذرا قدم نکلا — پھر وہ نہ نکلا اوسی کوچہ مین اوسکا دم نکلا
یہہ ہی راستہ سخت گر کوئی اسمین ناگھان آن پڑا — جان بوجھکر وہ ہی دیتا ہی اسی مین جان پڑا
کہین تپش مین ہی کہین کانٹونکا نظر میدان پڑا — قدم قدم پر اب ہمکو لطف عشق کا جان پڑا
ہمین گلشن سے بھی بہتر ہین عشق کے کانٹے — یہ فرش خار کی تحفہ ہین مجہی مخمل سے
کہو نہین کس سے سنے کون عشق کی قصے — جو دیکھی حال ہمارا تو قیس بہی رو دئی
رہا وہانکا وہین دیکھنے جو اپنا ہمدم نکلا — پہر وہ نہ نکلا اوسی کوچہ مین اوسکا دم نکلا
مزہ چاہ کا جس نی دیکہا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا — بحر عشق مین جو تیرا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا
اشک چشم سے جسکی بہتا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا — چاہ ذقن پر جو شیدا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا
شعر
بحر الفت کا کسیکو ہی کنارا نہ ملا — یا خدا نا خدا کا وہان اشارا نہ ملا
کشتی ہر گز نہ ملی کچھ بہی سہارا نہ ملا — تھاہ مطلق نہ ملی دم بہی گذارا نہ ملا
لگا نہ تھل بیڑا اوسکا پر سے نہ کوئی آدم نکلا — پہر وہ نہ نکلا اوسی کوچہ مین اوسکا دم نکلا

عشق کو جو دیکھا تو کھڑا ہی بیری سپر دار لیئی
زلف بہی کہتی ہی کہ مین نی کتنی ہی عاشق مار لیئے
کون اس قتل کے میدان سی نکل جایگا
کوئی نہ عشق کے طوفان سے نکل جایگا

حُسن کو تو وہ دیکھا تا ہی تلوار لیئے
چشم اشاری کرتیا ہین جادو کی ہتھیار لیئے
شعر کسطرح کاکل پیچان سے نکل جایگا
نہ نکلیجایگا گر جان سے نکل جایگا

تان کے ابرو سپیر وہ لیکر تیغ دو دم نکلا

پھر وہ نکلا اوسیکو نیچہ مین اوسکا دم نکلا

قتل ہوا وہ جس نے اس میدان مین آکے قدم مارا
اوس کے حسن کیے عالم نی اک عالم کا عالم مارا
عشق نے دار پر منصور کو چڑہایا ہے

گر زمین پر نہ اوس نیکی آہ کوئی نہ دم مارا
کبھی و تیغ نہ نگہ گیا مین بہی اوہمین اُسدم مارا
حسن نے یار کے کوہ طور کو جلایا ہے

بنارسی کر ترک جہانکو سیدہا راہ عدم نکلا

پہر وہ نہ نکلا اوسی کو نیچہ مین اُسکا دم نکلا

دیگر

تجکو تو ای گل گلشن مین فرش عطر سے تر چہیئی
گبر دتیرے چہرہ کے ہردم اُس مہ کا ہالہ چہیئی
تیری گلی مین گنج مکٹا اور لالون کی مالا چہیئی
تجہی تخت سلطنت کا چہیئے مجکو مرگہالا چہیئے

مجکو پیاری خاک کا اوسجا پر بستر چہیئے
تیری در کی خاک میرے مُنہہ پر آلہ چہیئے
میرے گلی مین دو لپٹا جو طرفہ کالا چہیئے
تیری قدم مین پیارہم پانون مین میری چہالا چہیئے

تجہے سونیکو پلنگ مجہے پڑنیکو تر ادر چہیئے

مجکو پیارے خاک کا اوسجا پر بستر چہیئے

تیرے دست مین چہڑی پہولکی چہڑہنی کو گہوڑا چہیئے
تجکو تو ایجان ہمیشہ کرناٹک کا نوڑا چہیئے
تیری واسطے شال دوشالہ کا تحفہ جوڑا چہیئے

میرے ہاتھ مین اژدہیکا ہردم کوڑا چہیئے
مجکو ظالم کبہی نہین تجہ سے منہہ موڑا چہیئی
میری واسطی پھٹا سا کمبل بہی تہوڑا چہیئی

تجہے چہیئی رنگ محل ہمین تیراہی کو چہ گہر چہیئے
مجکو پیاری خاک کا اوسجا پر بستر چہیئے

تیری تو خاصہ مین خوب تحفہ میوہ ہردم چہیئے

میری غذا ہی مجہی کہانیکو ہردم غم چہیئے

تجکو تو ای ناچ رنگ کا اک عالم چاہیے
میری دل کو تو ہمیشہ تو ہی اک ظالم چاہیے
تری واسطی پری حور مہتاب اور شبنم چاہیے
میری صدا ہی مجھی اب تو ہی فقط ہمدم چاہیے
اپنی آرزو ہی تیری قدم ہو نہین میرا سر چاہیے
مجکو پیاری خاک کا او سجا پر بستر چاہیے

تو تو ہی سردار تجھی گر تجکو سرداری قدم ہو نہین میرا سر چاہیے
ہمین ہمیشہ تیری کرنا تابعداری چاہیے
تجھکو تو اپنی جوبن کی کرنا تیاری چاہیے
ہمکو اپنی بدن کی ذرا نہ ہشیاری چاہیے
تجھکو ڈنکی نشان اور ہاتھی پر عماری چاہیے
مجکو کرنا تیری فرمانی برداری چاہیے
جلیب مین تیری ہر دم سب فوجونکا لشکر چاہیے
مجکو پیاری خاک کا او سجا پر بستر چاہیے

تیری بدن پر بار سنہری سینے کا گہنا چاہیے
اپنی تن پر ہمین سیلی کفنی پہنا چاہیے
تو چاہی چھٹکار مجھی دامن تیرا گہنا چاہیے
جہان رہی تو تری خدمت مین مجھی رہنا چاہیے
دیبی سنگہ یون کہی تیری سب جور ظلم سہنا چاہیے
بحر عشق مین غرق ہو بنا آب بہنا چاہیے
بنارسی یہ کہی میرے اب دلکو تو ہی دلبر چاہیے
مجکو پیارے خاک کا او سجا پر بستر چاہیے

دیگر

ملا ہمین گلزار وہ گلرو اب گل کھانا نہین چاہیے
مے وحدت مین مین مست ہون میخانہ نہین چاہیے
دلکو روشن کیا تو پھر تن بدن کا جلانا نہین چاہیے
آہ کی آتش بلی وہان آگ لگانا نہین چاہیے
بحر عشق مین بہی اوسی دریا مین بہانا نہین چاہیے
ڈدیا چاہ مین اوسے پھر کنوین جھکانا نہین چاہیے

عشق کا سودا ہوا ہمین ہونا دیوانہ نہین چاہیے
مے وحدت مین مین مست ہون میخانہ نہین چاہیے
جو گھائل ہین عشق کی اونپر تیغ چلانا نہین چاہیے
سر سے پڑی ہین جو عاشق اونہین ستانا نہین چاہیے
جسکا طبیعت لڑی وہا نسی دلکا ہٹنا نہین چاہیے
بڑھا کی الفت یار سے پیار گھٹانا نہین چاہیے

چھڑ ہی عشق کی لہر ہمین اب پر ہلانا نہین چاہیے
مے وحدت مین مین مست ہون میخانہ نہین چاہیے
اپنی جا مین جانکو پایا اور زمانہ نہین چاہیے
الگ ہوئے ہم ہمین اپنا اور بیگانہ نہین چاہیے
دلمین دیر و حرم بنایا اب بتخانہ نہین چاہیے
لامکان کو چھوڑ جنت مین جانا نہین چاہیے

پی وہ محبت کی مئی مین نے اور پیمانہ نہین چاہئے
مئی وحدت مین مین مست ہون مینجانہ نہین چاہئے

ہر اک مکان ہینگی عاشق کو ایک ٹھکانا نہین چاہئے
عشق کا پانا چاہین کلغی طرہ کا پانا نہین چاہئے
آزاد مین جو انھین پھر زاد مین آنا نہین چاہئے
پاک عشق کرو ناپاک کا گانا نہین چاہئے

دیبی سنگہ کہی سخن پہ کہتی سخن بنانا نہین چاہئے
مئی وحدت مین مین مست ہون مینجانہ نہین چاہئے

دیگر

فدا ہوا دل میرا جسدن سے تجہکو دلبر دیکھا
تیرے حسن کی ثانی ہمنی اور نہین سُندر دیکھا
تیری چمک اور دمک کی آگی کوئی نہ جلوہ گر دیکھا
کہین ندیکھا تجہے اپنی دلکے بہیتر دیکھا
آفتاب سے تجہے مہتاب سے ہی بہتر دیکھا
ہینے پیاری تجہے اپنی نظر و نین بہر دیکھا

جیسا دیکہا تجکو ویسا نہین پری پیکر دیکھا
کہین ندیکہا تجہے اپنی دل کے بہیتر دیکھا

بیان کیا کرون یار تیری دندانکا وہ جوہر دیکھا
غضب ہین تیری نین نہ ایسی تیغ نہین جمدہر دیکھا
لال ندیکہا نہین ایسا کوئی گوہر دیکھا
کہانڈا پچھوا نہین ہمنے ایسا خنجر دیکھا

ہوا بہت حیران شہر سحر انکلو در در دیکھا
کہین ندیکہا تجہی اپنے دل کے بہیتر دیکھا

عاشق ہوکر تجہپر ہمنے عشق کو اپنے کر دیکھا
جیسی خوشبو تجہین ویسی نہین بیشک کیسر دیکھا
تیری عشق مین پیاری مین نی گلی گلی گہر گہر دیکھا
جو کچھ ہی سو تو ہی تجہکو اپنا افسر دیکھا
دماغ اپنا تیری خوشبو سے معطر دیکھا
کہین ندیکہا تجہی اپنے دل کی بہیتر دیکھا

دیبی سنگہ یون کہین کہ جینی تجہے ایک پل بہر دیکھا
بنارسی نی تیری عشق مین خاک کا وہ بستر دیکھا
مست رہا وہ عشق کا زور شور خوشتر دیکھا
شال دو شالے چہوڑ مرگ چہالا پایا کہمبر دیکھا

کئی دفعہ دیکہا تہا تجہی اب مین نی تجکو بہر دیکھا
کہین ندیکہا تجہی اپنے دل کے بہیتر دیکھا

دیگر

عجب ادا سی کہڑا وہ پیارا ادہر اُدہر زلفین لٹکا
کسیکو باندہا پیچ مین لٹکی کسیکے گل ڈالی زنجیر
لٹ لٹکا کر دکہایا ہر اک عالم کو لٹکا
بہت پہنسے اُچہند مین ملک ملک کی شاہ و فقیر

کسیکو ڈالا مار جھلک کو دیکھہ ہوئی کتنی نخچیر
جیسا جسنے کیا ویسی اوسنے پائی تعزیر

بہت ہوئے بیتاب زلف کی پیچ و تاب مین پیر و میر
ایسا جادو کیا جس کی کچھ نہین چلتی تدبیر

پیچ مین زلفونکی دلکو حیران کری بھٹکا بھٹکا
لٹ لٹکا کر دکھایا ہر اک عالم کو لٹکا

کبھی بنا لیتا کالا اور کبھی بنا لیتا ناگن
کھیل کھیلا دکھاتا ہر بالون مین ہر فن

گہر دیکھی کالا اوسکو تو چھوڑ کے بھاگے اپنا من
پٹک پٹک کر وہ سر کو ہو جاتی افعی کشتن

بو سے زلف سیہ فام کی شرمائی ہی مشک ختن
دیوانہ نکلا جنگل کو بھاگ کے کالا ہرن

کالی نے سر کو پٹکا جبدم اوسنے لٹ کو جھٹکا
لٹ لٹکا کر دکھایا ہر اک عالم کو لٹکا

اوسکی زلف کو دیکھہ ڈرتی ظلمات اور اوسکو ہوا خطر
باغ ارم مین گل و سنبل کے دلیر ہوا قہر

گھونگر والے بال کی اوپر جس عاشق کی پڑی نظر
گرا اسیطرح گویا ایسی اوسپر کیا سحر

ابرو کو کیا ہی تاب جو اوسکی زلف کی آگی گری گہر
اوسکی دام مین پھنسایا دل کو ہمنے کیا ندر

ٹنک ٹنک کے چلی زلف کو دکھاتا مٹکا مٹکا
لٹ لٹکا کر دکھایا ہر اک عالم کو لٹکا

یہ زلفین مین اوسکی جسکا عرش تک چال بنا
ہر اک فن مولا ہر اک جادو صاحب کمال بنا

صفت کرون کیا اوسکی بالکی وہ کالی کا کال بنا
پھیر کے کنگھی ناز سے نکلا جبدم سے بال بنا

دیبی سنگہ کہی بنارسی سے خوب تمہارا خیال بنا
فقیر ہو کر پھرے صحرا مین حال خوشحال بنا

اور کسیکا بیان نہین یہ ذکر بنایا گر لٹ کا
لٹ لٹکا کر دکھایا ہر اک عالم کو لٹکا

دیگر

بھول گئے ہم اپنے کو بھولی تیری تصویر نہین
تیر عشق کا لگا وہ تیر کہ کوئی تیر نہین

تیری عشق مین ہوا گدا مجسا تو کوئی فقیر نہین
وہ رتبہ ہی گدا کی ثانی شاہ وزیر نہین

کیا قصور ہے میرا جو مین تیرا دامنگیر نہین
ایسی پیار سے کری ہمنے تیری تقصیر نہین

سر کو جھکایا مین نے کیون ماری شمشیر نہین
تیر عشق کا لگا وہ تیر کہ کوئی تیر نہین

تیرے حسن کے رتبہ کو کچھ پاتی لیلی ہیر نہین
غضب ترے ہین بول ایسی تو شکر شیر نہین

ہی تو پیالہ زہر عشق کا یہ کچھ میٹھی کھیر نہین
پیچ ہوا اوسکو رہی پھر اوسکا دل دلگیر نہین

پڑی یہ تجھ عشق کے زخم میرے دل سے جاتی یہ پیر نہین
تیر عشق کا لگا وہ تیر کہ کوئی تیر نہین

جو عاشق ہو گیا تیرا وہ کبھی ہوا عالمگیر نہین
تری در کی ملی خاک مجھکو چاہیے اکسیر نہین
عشق نہ جسنے کیا وہ پہونچا تری تیر نہین
اتنو پیاری تری بن دلکو ہوتا دھیر نہین

ہاتھ ملین کر سکین جراح کچھ میری تدبیر نہین
تیر عشق کا لگا وہ تیر کہ کوئی تیر نہین

سودائی ہو گیا جہان مین کہین رہی توقیر نہین
کہین پھر اوڑھے شال و دوشالہ کہین بدن پر چیر نہین
تو ہی اک ہی پیاری تجھسا کوئی امیر نہین
کیسے دیدی سنگہ تری آگی تو مین ہوا حقیر نہین
بنارسی یون کہی تجھکو پائی پی پیر نہین
تیر عشق کا لگا وہ تیر کہ کوئی تیر نہین

دیگر

کاکل پر خم عارض روشن دونونکو کیا یار لکھون
نسبت ہی یہ بیجا گرچہ مہ و دنی پوری شرار لکھون
اچھی نہین ہی یہہ بھی تشبیہ کیا طایر سردار لکھون
مار زلف کو اور رخ کو ہر دم شعلۂ مار لکھون
دام ہمارا زلف کو رخ کو ہما اظہار لکھون
سنبل تر مین زلف کو برگ سمن رخسار لکھون

یہ سبزی ہین زمین کی انکو ہو کیون لاچار لکھون
مار زلف کو اور رخ کو ہر دم شعلۂ مار لکھون

کاکل کو مین کالی گھٹا اور رخکو برق آثار لکھون
اوسکو تو ظلمات لکھون اور حیوان اوسکو تار لکھون
گھٹا کی نسبت نہ انسی دون نہ برقکو بیکار لکھون
وہ تو پرخم نہین اور روان نہ یہہ زنہار لکھون

کاکل کو مین سنبل لکھون عارض کی ہین انہار لکھون
مار زلف کو اور رخ کو ہر دم شعلۂ مار لکھون

گردش مین سنبل و خار ہین کہان تلک انبار لکھون
تشبیہ کیا اوس سے حیران پر داغ ہی وہ کیا خار لکھون
اوسکو ریحان اور اوسکو سے لالہ زار لکھون
رخ کو قران برہمن کاکل کو زنار لکھون

اتمین جھگڑا ہندو مسلمان ہیگا کیا اسرار لکھون
مار زلف کو اور رخ کو ہر دم شعلۂ مار لکھون

رخکو ہر دم شمع روشن کاکل کو دھوان دھار لکھون
اوسکو موج بحر لکھون یا مہ آئینہ بیدار لکھون
یہ بھی غلط ہی اور تشبیہ اسکی اک بار لکھون
موج نہ اسکا آئینہ حیران یہ کیا اشعار لکھون

زلف سویدا بنارسی رُخ نور حق گلنار لکہون
مار زلف کو اور رُخ کو ہر دم شعلۂ مار لکہون

دیگر

مار و ادا سے چلا ناز مین و زلفین لٹکا لٹکا
دیکھ تماشا اُن زلفون کا پھنا دام مین کل عالم
ایسا باندھا پیچ زلف مین مچا رہا ہی غل عالم
نشہ مین ہی سرشار یہی گیسوئی زہر کا مل عالم
پہیر مین زلفون کی پہر تا ہی کل عالم بہٹکا بہٹکا

لٹ کا عالم دکھایا جب اوسنے لٹکا لٹکا
پیچ مین اوسکے پڑا ہی یار وبہ بالکل عالم
اوسکی پہنا رسے کہواب کیونکر جای کہل عالم
ہوا دیوانہ دیکھہ کے وہ اوسکے کا کل عالم
لٹ کا عالم دکہایا جب اوس نی لٹکا لٹکا

گدا انبیا شاہ اولیا اور جو زلف دیکہی گرد ون
زلف معنبر دیکھ کی عالم عاشق ہوگیا گونا گون
جسدم اوس نے بال سر و ڑی لاکہون واقعی کا ہوا خون
کالی نی سر کو جٹکا جسدم اوسنے لٹ کو جھٹکا

مہک سی اوسکی ہو وین بسبب مست او آئی دلین جنون
لام کہون مین یا اوسکو ملا کی لام والف لکہون
سیکے زہر کو نچوڑا کیا طاقت کری کوئی چون
لٹ کا عالم دکھایا جب اوسنے لٹکا لٹکا

ہلا ہلا کر زلف وہ نا گنو نکی تیئین حلال کیا
مشرق سے مغرب کو اوسنی عجب زلف کا جال کیا
جسدم اوسنے زلف بنا کر ہر بان کا بال کیا
پہنکارا جب زلف کو اوسنی کوئی سامنی نہین ہٹکا

مار مار کر صد ہا کو حال بیحال کیا
اوسکے پیچ مین ڈالکر کتنون کو پامال کیا
کال ہی اوسکو دیکھکر ڈرا اور اپنا کال کیا
لٹ کا عالم دکھایا جب اوسنے لٹکا لٹکا

دونون رخسارون کی اوپر لٹ لٹکی گہونگر ڈالی
چہٹکا کر جب زلف صنم نی ادہر اودہر زنجیر ڈالی
وہی سنگہ کے خیال رنگیلی اور صورت بھولی بھالی
مطلب ہی توحید زلف مین اور معرفت کا کھٹکا

گویا ماہ کی گرد گہر آئی گہٹا کالی کالی
بیان کیا کرون بنائی عجب وہ قدرت کی جالی
سنی سے جسکے ہوئی ہر ایک شاعر کو خوشحالی
لٹ کا عالم دکھایا جب اوسنے لٹکا لٹکا

دیگر

قہر ناز انداز غضب ہی عجب حسن کی دم دم
چالین چہل بل اشاری نہین بے تیر آفت سی کم

گرچہ حسن تیرے کی صفت کوئی لاکھہ طرحسے کرے رقم
جائے تعجب ہے جلوہ تیرا جلوہ گر بنا صنم
ہاتھہ ملا ایک ملین حور حسرت کھا کہا چہوین قدم
سرتاپا تصویر کہینچی قدرت کی تیری بنا قلم

سر ترا ہی ہر سر کا سردار تو ہے شاہِ عالم
زلف مسلسل مین وہ پیچ ہین اور تیری سر بالین خم
یا مین زلف کو ابر کہون یا لام الف ہو کر عزم
آگئے لاکہون طلسم مین زلفونمین سے تیر تری قسم

دیکھہ ترے ماتھے کو فلک پر آفتاب کھاتا ہے شرم
صفت کرون ابرو دونکی تو شمشیر الم
مژہ تیر پیکان ہے یا نشتر سے یا برچھے بہم
تری نظر گر پھرے تو پھر ہو جاوین قتل لاکہون رستم

چہرہ گول انمول کہ جسسے رشک قمر کو ہووے غم
دیکھہ کی بینی کی تیزی ہر ایک کا ہووے ناک مین دم
رخسارون پر چھینٹا پسینا جیسے دو دریای اگم
ہر اک آن مین جان نکالی ادا عجایب خستہ ہم

اور جو کوئی کرے تعریف تری دندانکی اے دل جان دلم
دیکھہ لبون پر پان کی لالی لعلون کا رتبہ ہو کم
چاہ زنخدان دیکھہ کے تیری چاہ مین ڈوبا کل عالم
گلا صراحی دار اور سینہ صاف آئینہ سا انم
دست وہ نازک گول کلائی حنا ہتھیلی مین ہے رقم

کیا طاقت ہے اوسکی ہاتھہ مین ٹھیرے لوح قلم
تیری نور سے ہوا کوہ طور مین وہ موسی دم
جن و بشر سب تیری تابعداری کرتے ہردم
چال مین چھل بل اشارے نہین تیری آفت سی کم

جبین کی اوپر تاج کلغی اور چھتر جھمکے جھم جھم
گویا ناگنی کاہے آئین چاٹنے کو شبنم
یا مین اسکو کہون ظلمات یا کہہ جادوی ستم
چال مین چھل بل اشارے نہین ہے تیر آفت سی کم

چمین جبین سے کرن خورشید کی کانپے ہو گئی بہم
یا وہ کمان ہین نبی ملتانکی یا ہین تیغ دودم
ایک پل مین وہ کرین قتل عام کرین اک پلمین رحم
چال مین پل اشارے نہین ہے تیر آفت سی کم

چشم وہ نرگس کنول سی کہلے ہین گویا باغ ارم
غضب پھڑک ہے تری نتھنون کی کہین کیسطرح سے ہم
بات بات مین دل لگی شیرین سخن اور زبان نرم
چال مین پل اشارے نہین ہے تیر آفت سی کم

یا وہ گوہر ہین بیش قیمت یعنی ہیرونکی قسم
خال ذقن پر آنکر عقد ثریا ہوا ختم
قد وہ قیامت جسسی ہو سرو سہی کو ماتم
چال مین پل اشارے نہین تیری آفت سی کم

دیکھہ وہ سرخی خون دل کشتون کا ہوا دم بدم

ناخن وہ گویا ہلال اور نخلی ملایم تباحت سکم — ناف وہ ساغر کمر چینے کی سی وہ زانو نور کے تہم

دیکھ جھلک قدمون کی تیری پیرون ہن اگر ٹرا پدم — بنارسی کہی مین عاشق تیری نام کا ہون ہمدم

نازکی سے ایڑی تلوی ملین تیری بابا آدم — چالیس جھل بل اشاری نہین تری آفت سی کم

دیگر

حکم خدا سے جہان مین تو درویش خدائی کرتی ہین — فقیر ہین وہ بادشاہی مین خدائی کرتی ہین

فخر فقیرون کا ہی فکر اور ذکر الہی کرتے ہین — ملے ہین حق سے نہین پل بھر جدا کرتی ہین

کوچہ جانان کی مل مل کر خاک صفائی کرتی ہین — زندہ کیا ہین وہ بادشاہی مین گدائی کرتی ہین

کیا اونکا کوئی کریگا وہ جو دین آئی کرتے ہین — فقیر ہین وہ بادشاہی مین گدائی کرتے ہین

وہ ہوتے ہین فقیر جو کچھ نیک کمائی کرتے ہین — قید جہان مین ہے وہ اپنے آپ رہائی کرتی ہین

گر اونکو کچھ کھو تو وہ اس دلمین سمائی کرتی ہین — غم کہانی ہین کسی سے نہین لڑائی کرتے ہین

کرین یاد رب کی اوس رب ہی رسائی کرتی ہین — فقیر ہین وہ بادشاہی مین گدائی کرتے ہین

فقیر ہین لاطمع سدا مولا کی بڑائی کرتے ہین — بھلا کرین ہین کسیکی نہین بُرائی کرتے ہین

ہین وہ بینا کار ہر جگہہ وہ بینائی کرتے ہین — ایک نظر سیتے وہ مشکل دور پیرائی کرتی ہین

دیوانہ ہین سے اپنی دل کو شیدائی کرتی ہین — فقیر ہین وہ بادشاہی مین گدائی کرتی ہین

من کو مار درویش معرفت کی کیتائی کرتی ہین — ہر ایک بات پر وہ اپنی بات سوائی کرتی ہین

بیٹھ کے داناؤن کی پاس جب وہ دانائی کرتی ہین — دیوانون کو بڑا دیوان سودائی کرتے ہین

بنارسی کہی رائی ہی گر گر ہی رائی کرتی ہین — فقیر ہین وہ بادشاہی گدائی کرتے ہین

دیگر

من مار کر بنایا مردہ جب یہہ تن آباد کیا — پہین کی کفنی فقیرون نی تو کفن آباد کیا

بستی کو سمجھے اوجاڑ صحرا دین آباد کیا — مال خزانہ ترک کر فقر کا دہن آباد کیا

یوہین شعلہ نور کے اپنا جلا کے من آباد کیا — آہ سی اپنے قہر اور چرخ کہن آباد کیا

جیسے کہین ویرانہ سب مین نی وہ وطن آباد کیا
یہن کے کفنی فقیرون نی توکفن آباد کیا

گل کہا گلبدن ہے مین نی وہ گلشن آباد کیا
جس گلشن سی گلون کا حسن چمن آباد کیا

کیسی زبانسے وہ قم باذنی اپنا سخن آباد کیا
جلایا مردہ کفن سے اوسکا حکم آباد کیا

جیتے جی جو مرا اوسی نی رنج و محن آباد کیا
پہن کی کفنی فقیرون نی تو کفن آباد کیا

غم کہا کھا کر سدا مین نے رنج و محن آباد کیا
دیوانون کو پڑہ کے ویرانہ مین آباد کیا

تخت سلطنت چھوڑ خاک پر وہ آسن آباد کیا
جس آسن سے اندر کا اندرآسن آباد کیا

ترک کیا دنیا کا رستہ اور ہی چلن آباد کیا
پہن کے کفنی فقیرونے تو کفن آباد کیا

اشک سی اپنے درویشون نی ذرتن آباد کیا
عشق مین پیدا کیا غم مین جتن آباد کیا

جسجا عاشق بیٹھ رہے اوسجا مسکن آباد کیا
کہی دیبی سنگہ نام اپنا روشن آباد کیا

بنارسی نی کرکے عشق عاشقی کا فن آباد کیا
پہن کے کفنی فقیرون نی تو کفن آباد کیا

دیگر

میری آہ کا تیر توڑ گردون کو گیا لامکان تلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہو نہین کہانتلک

ہوا جب عشق کا زور اس دلین تو مین نے آہ کری
ساتون فلک کو چیر کر لامکانکی راہ کری

دہان جو دیکہا نور خدا کا اوسنے پاک نگاہ کری
اور جہان مین نہین سہر کسیکی مین نے نگاہ کری

عاشق صادق نام میرا یہہ روشن ہے کل جہانتلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہو نہین کہانتلک

عجب مزا پایا ہی ہمنے آہ سوزان کے بیچ
حسن خدائی دکھائی دیہی میر بجانکی بیچ

نہین وہ جلوہ ملک مین دیکہا اور نہ حور غلمانکی بیچ
نہاین مہر مین نہین وہ جہلک ماہ تابانکی بیچ

میری آہ روشن ہی ساتون زمین اور کل آسمان تلک
